# PROSPECTUS
# OPEN TECH



Allama Iqbal Open University, Islamabad

www.aiou.edu.pk

# اوپن ٹیک سکیم

(مختصر دورانیہ کے ٹیکنیکل اور ووکیشنل کورسز)

یہ پروگرام (اوپن ٹیک) ملک کے درج ذیل شہروں اسلام آباد، راولپنڈی، کہوٹہ، ہری پور، بورے والا اور کوٹ ادو میں پیش کیا جا رہا ہے۔

# پراسپیکٹس


شعبہ انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں)


| | | |
|---|---|---|
| سمسٹر | .................... | بہار 2016ء |
| تعدادِ اشاعت | .................... | 300+50 |
| قیمت | .................... | -/50 روپے |
| کمپوزنگ | .................... | محمد ظہیر |
| طابع | .................... | علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد |
| ناشر | .................... | علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد |

# فہرست


| | | |
|---|---|---|
| | | صفحہ نمبر |
| -1 | علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا مختصر تعارف ---------------------- | 05 |
| -2 | فیکلٹی آف سائنسز ---------------------------------------- | 07 |
| -3 | شعبہ انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی ------------------------------ | 07 |
| -4 | پروگرام ---------------------------------------- | 08 |
| -5 | مطالعاتی سکیم ---------------------------------------- | 09 |
| | 5.1 معلومات برائے داخلہ --------------------------- | 09 |
| | 5.2 عمومی شرائط ------------------------------ | 09 |
| -6 | فیس (معلوماتِ فیس) ---------------------------------- | 12 |
| | 6.1 فیس جمع کرانے کا طریقہ کار ------------------------ | 12 |
| -7 | عمومی معلومات ---------------------------------------- | 13 |
| -8 | ضروری معلومات کے لیے متعلقہ پتے ------------------------ | 14 |
| -9 | علاقائی دفاتر کے پتے اور فون نمبر ---------------------------- | 16 |



# پیغام

## پروفیسر ڈاکٹر شاہد صدیقی

### وائس چانسلر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ایک فاصلاتی یونیورسٹی ہے جس کا دائرہ کار محدود ہے نہ مخصوص۔ اس کی حدیں پاکستان کی سرحدوں سے ملتی ہیں۔ اس کی تعلیمی سہولتیں ملک گیر ہیں اور یہ اپنے تدریسی فلسفے یعنی ''تعلیم لوگوں کی دہلیز پر'' کے مطابق ایک باشعور اور باعلم پاکستان کی تشکیل کے عمل میں بھرپور حصہ ڈالنے کے ساتھ ساتھ تعلیمی پسماندگی کو دور کرنے کے سلسلے میں بھی اپنی منزل کی طرف کامیابی سے گامزن ہے۔

# 1- علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا مختصر تعارف

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی (جس کا مین کیمپس اسلام آباد میں ہے) کا شمار اس وقت دنیا کی 4 میگا (سب سے بڑی) یونیورسٹیوں میں ہوتا ہے، 1974ء میں پارلیمنٹ کے ایکٹ (XXXIX) کے تحت قائم ہوئی۔ اُس وقت یہ دنیا کی دوسری اور ایشیا اور افریقہ کی پہلی اوپن یونیورسٹی تھی مگر اب دنیا میں فاصلاتی نظام تعلیم پر مبنی 60 سے زائد یونیورسٹیاں کام کر رہی ہیں۔

پاکستان میں اوپن یونیورسٹی کے قیام کا بنیادی مقصد فاصلاتی نظام تعلیم کے ذریعے ان لوگوں کو جو بوجوہ رسمی تعلیم سے استفادہ نہیں کر سکے یا جن کا سلسلہ تعلیم منقطع ہو گیا تھا، ان کے گھروں کی دہلیز پر تعلیمی سہولیات مہیا کرنا ہے۔ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، وطن عزیز کے دیہاتوں قصبوں اور دور افتادہ علاقوں میں مقیم افراد کو جہاں روایتی تعلیم کے مواقع نہ ہونے کے برابر ہیں یا ایسی خواتین کو جو سماجی پابندیوں کے سبب سکول/کالج میں جانے سے قاصر ہیں یا وہ ملازم پیشہ افراد جو اپنی ملازمتی ترقی کے لیے تعلیمی استعداد بڑھانے کے خواہش مند ہیں، ان سب کو تعلیمی سہولتیں مہیا کر کے یہ فریضہ بہ طریق احسن سرانجام دے رہی ہے۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی غیر رسمی طریقہ تعلیم کے ذریعے مختلف تعلیمی پروگرام پورے ملک میں عام کر کے قومی یونیورسٹی کی صورت میں اُبھری ہے۔ فاصلاتی نظام تعلیم روایتی اور رسمی نظامِ تعلیم کے برعکس متنوع بھی ہے اور ہمہ گیر بھی۔ طلبہ اس کے ذریعے میسر وقت اور سہولت کے ساتھ تعلیم حاصل کر سکتے ہیں کیونکہ انہیں طبع شدہ کورسز اور مجوزہ کتب کے علاوہ ٹیوٹوریل، گروہی سرگرمیاں اور دوسری ملٹی میڈیا سہولتیں مہیا کی جاتی ہیں۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی بنیادی تعلیم سے لے کر پی ایچ ڈی کی سطح تک کے پروگرام پیش کر رہی ہے۔ یونیورسٹی کے تدریسی اور انتظامی کام کی مناسب اور موزوں ترویج و اشاعت کے لیے ملک کے مختلف مقامات پر 43 سے زائد علاقائی دفاتر بھی کام کر رہے ہیں نیز طلبہ کی رہنمائی کے لیے مختلف شہروں میں رابطہ دفاتر بھی قائم کئے گئے ہیں۔ یونیورسٹی نے ملک بھر میں مطالعاتی مراکز قائم کیے ہیں جہاں فاصلاتی نظام تعلیم کے طلبہ اپنے ٹیوٹرز سے رہنمائی حاصل کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں یونیورسٹی نے کل وقتی مطالعاتی مراکز بھی قائم کیے ہیں جہاں پر ایم بی اے، بی ایس اور ایم ایس کے طلبہ کو بالمشافہ تعلیمی رہنمائی مہیا کی جاتی ہے۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اور اس کے جملہ علاقائی دفاتر تعلیمی سال کے دوران نصابی اور تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ ہم نصابی سرگرمیوں میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے اور مختلف نوعیت کی علمی، ادبی اور قومی تقریبات کے انعقاد کا اہتمام کرتے ہیں جن میں ہمارے طلبہ و اساتذہ کے ساتھ ساتھ علاقے کے معزز و سرکردہ اراکین اور صاحبانِ علم و دانش شرکت کرتے ہیں۔

اوپن یونیورسٹی سمسٹر سسٹم کے مطابق کام کر رہی ہے۔ طلبہ کا داخلہ سال میں دو بار سمسٹر خزاں اور سمسٹر بہار میں ہوتا ہے۔ انڈر گریجویٹ طلبہ کے لیے دونوں سمسٹر میں داخلے ہوتے ہیں جبکہ پوسٹ گریجویٹ سطح پر داخلہ سال میں ایک بار ہوتا ہے۔ طلبہ کو یونیورسٹی کی اپنی تیار کردہ کتابیں بھجوائی جاتی ہیں، ان کتابوں کے ہمراہ تقویتی مواد اور آڈیو کیسٹس (Cassettes) بھی بھجوائے جاتے ہیں۔ اکثر کورسز میں ریڈیو اور ٹی وی پروگرامز کے ذریعے بھی تعلیمی اور تدریسی رہنمائی فراہم کی جاتی ہے۔ طلبہ کی رہنمائی کے لیے ملک بھر سے جز وقتی ٹیوٹرز کی خدمات بھی حاصل کی جاتی ہیں نیز ہر طالب علم کو مراسلات اور ٹیوٹوریل میٹنگ کے ذریعے بھی تدریسی معاونت فراہم کی جاتی ہے۔

یونیورسٹی کے سائنس کے طلبہ کے لئے ''یونیورسٹی سائنس کمپلیکس'' کا قیام عمل میں لایا گیا جس میں سائنس کے تمام ڈسپلنز کے ریسرچ اسکالرز کے لئے بین الاقوامی معیار کی حامل جدید سائنسی تجربہ گاہوں کی سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ علاوہ ازیں یونیورسٹی مرکزی لائبریری اور سٹوڈنٹس ہوسٹل میں انٹرنیٹ لیب کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے تاکہ یونیورسٹی کے اساتذہ و طلبہ اپنی علمی و تحقیقی کاوشوں کو جدید عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کر سکیں۔

**مزید معلومات کے لیے:**

فون 051-9057736

051-9250147

## 2- فیکلٹی آف سائنسز

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں فیکلٹی آف سائنسز 1982ء میں پانچ شعبوں کی مدد سے قائم کی گئی۔ اُس وقت فیکلٹی کے شعبہ جات کی طرف سے محدود پیمانے پر بنیادی، فنی اور مہارتی کورسز کے ساتھ انڈر گریجویٹ پروگرام پیش کیے جاتے تھے۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے دورِ جدید کے تقاضوں سے ہم آہنگ اور دنیائے سائنس میں رونما ہونے والے انقلابات اور ایجادات کو یونیورسٹی کے طریقہ کار کے مطابق مختلف شعبوں میں تقسیم کیا ہے اور ان شعبوں کی مدد سے یہ پروگرام اور کورسز کو اپنے طلباء و طالبات کے لیے پیش کر رہی ہے۔ فیکلٹی آف سائنسز اس وقت نو شعبہ جات پر مشتمل ہے اور ان شعبوں کی طرف سے نان کریڈٹ، فنی و مہارتی کورسز سے لے کر سائنس کے مختلف ڈسپلنز (کیمسٹری، فزکس، بیالوجی، میتھ، سٹیٹس، ہوم اینڈ ہیلتھ سائنز، کمپیوٹر اور زرعی سائنس) میں معیاری اور اعلیٰ تعلیم پیش کر رہی ہے۔ فیکلٹی علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے بنیادی فلسفے "تعلیم لوگوں کی دہلیز پر" پر عمل پیرا ہو کر اپنی منزل کی طرف کامیابی سے رواں دواں ہے۔ موجودہ دور میں سائنسی انقلابات کی روشنی میں سائنسی تعلیم کو عام کرنے کے لیے فاصلاتی نظام تعلیم میں پوسٹ گریجویٹ سطح پر تھیوری اور پریکٹیکل کے لیے بنیادی، اہم اور ضروری تبدیلیاں لائی گئی ہیں اس سلسلے میں علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں یونیورسٹی سائنس کمپلیکس قائم کیا گیا ہے جس میں سائنسز کے تمام ڈسپلنز میں ریسرچ اسکالرز کے لیے بین الاقوامی معیار کی حامل جدید سائنسی تجربہ گاہوں کی سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔

## 3- شعبہ انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی

شعبہ انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کا قیام 1974ء میں انڈسٹریل ایجوکیشن کے نام سے عمل میں آیا۔ اس شعبے کا نام 1982ء میں تبدیل کر کے بزنس مینجمنٹ رکھا گیا بعد ازاں وقت کی ضرورت اور اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے اس شعبہ کا نام تبدیل کر کے ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل ایجوکیشن اور ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل اسٹڈیز رکھا گیا۔

2000ء میں شعبہ کی طرف سے بی ای انجینئرنگ اور بی ٹیک کورسز پیش کئے گئے اُس وقت شعبہ ہذا کا نام انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی رکھا گیا۔ اس شعبے کی طرف سے میٹرک اور انٹرمیڈیٹ سطح کے الیکٹریکل، الیکٹرانکس اور آٹوموبائل ٹیکنالوجی میں کورس بھی پیش کیے جاتے ہیں۔

# 4- پروگرام

## اوپن ٹیک پروگرام

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے شعبہ انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی نے ایسے ہنرمند افراد کے لیے 1994ء سے اوپن ٹیک سکیم کا اجراء کیا ہے جو کسی وجہ سے اپنی تعلیم روایتی اسکولوں میں جاری نہیں رکھ سکے مگر وہ کافی عرصہ سے کسی ورکشاپ میں بطور استاد، مکینک یا شاگرد کام کررہے ہیں اوران کے پاس اپنے پیشے میں کسی منظورشدہ ادارہ کی جاری کردہ مہارت کی کوئی سند نہیں۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی فاصلاتی نظام تعلیم کے تحت ایسے افراد کے لیے ایک سمسٹر میں 16 ہفتوں پر مشتمل شارٹ ٹرم ٹیکنیکل کورسز پیش کر رہی ہے۔ان کورسز میں داخلہ لینے والے طلبہ کو ہفتے میں صرف ایک دن دو گھنٹے کے لئے یونیورسٹی کے قائم کردہ مطالعاتی مرکز (جوکہ پراسپیکٹس کے صفحہ 14 اور 15) پر موجود ہیں، میں ماہر تعلیم کی زیرنگرانی تربیت دی جائے گی۔کورس کے اختتام پر یونیورسٹی ان سے امتحان لے گی۔امتحان میں کامیاب ہونے والے امیدواروں کو یونیورسٹی کی طرف سے سرٹیفکیٹ جاری کیا جائے گا۔

یہ پروگرام (اوپن ٹیک) ملک کے درج ذیل شہروں، اسلام آباد، راولپنڈی، کہوٹہ، ہری پور، بورے والا اورکوٹ ادّو میں پیش کیا جارہا ہے۔

نوٹ: طالب علم اپنی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنے قریب ترین سٹڈی سنٹر کا انتخاب کرکے فارم کے کالم نمبر 4 میں تحریر کریں۔

# 5- مطالعاتی سکیم

نوٹ:

1- اوپن ٹیک پروگرام کے کسی بھی کورس کے لئے یونیورسٹی کی طرف سے کوئی درسی مواد نہیں بھیجا جائے گا۔

2- اوپن ٹیک پروگرام کے کسی بھی کورس کے لئے کوئی امتحانی مشق نہیں ہوگی، البتہ متعلقہ ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر میں کلاس ورک کروایا جائے گا اور عملی تربیت دی جائے گی۔

3- سمسٹر کے آخر میں یونیورسٹی کی طرف سے جاری کردہ شیڈول کے مطابق فائنل امتحان (تھیوری + پریکٹیکل) ہوگا۔

## 5.1- معلومات برائے داخلہ

اوپن ٹیک پروگرام کے کسی بھی کورس میں داخلے کے خواہشمند امیدوار کے لیے لازمی ہے کہ اخبار میں داخلے کا اشتہار پڑھنے کے بعد داخلہ فارم شعبہ داخلہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد یا متعلقہ علاقائی دفتر سے حاصل کرے اور مقررہ تاریخ تک فارم یونیورسٹی کی نامزد کردہ بینک برانچ میں جمع کرائے۔

## 5.2- عمومی شرائط

(1) کسی بھی لیول میں داخلہ لینے والے امیدوار کے لیے متعلقہ مرکز پر 70 فیصد حاضری ضروری ہے۔70 فیصد سے کم حاضری والے طلبا امتحان کے لیے اہل نہیں ہوں گے۔

(2) لیول "C" میں داخلہ لینے کے لیے متعلقہ فیلڈ میں 2 سال کا تجربہ لازمی ہے۔

(3) لیول "C" کے کورس میں پہلی بار داخلہ لینے کے لیے طالب علم کو -/2500 روپے جمع کرانے ہوں گے۔

(4) لیول "B" میں داخلہ لینے سے پہلے لیول "C" کا امتحان پاس کرنا لازمی ہے۔

(5) لیول "B" میں داخلہ لینے کے لیے "C" لیول کا امتحان پاس کرنے کے بعد متعلقہ فیلڈ میں کم از کم "3" سال کا تجربہ لازمی ہے۔

(6) "B" لیول کے کورس میں پہلی بار داخلہ لینے کے لیے طالب علم کو -/3000 روپے جمع کرانے ہوں گے۔

(7) "B" لیول کا امتحان ایک سال کے بعد ہوگا۔

(8) داخلے کے خواہشمند افراد ایک وقت میں صرف ایک کورس میں داخلہ لے سکتے ہیں۔

(9) لیول "C" اور لیول "B" کی کل فیس میں 200 روپے ویریفیکیشن فیس شامل نہیں۔

### 5.2.1- معلومات برائے "C" لیول کورس

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی لیول "C" میں داخلے کے خواہشمند افراد کے لیے مندرجہ ذیل کورسز پیش کرتی ہے۔

| نمبر شمار | سی لیول کورس کا نام | کورس کوڈ |
|---|---|---|
| 1 | الیکٹریشن (Electrician) | 070 |
| 2 | پلمبر (Plumber) | 073 |

| | | |
|---|---|---|
| 3 | سٹیل فکسر (Steel Fixer) | 079 |
| 4 | کوانٹیٹی سرویئر/سول ڈرافٹسمین (Quantity Surveyor/Civil Draftsman) | 158 |
| 5 | سول سرویئر (Civil Surveyor) | 159 |
| 6 | ویلڈنگ (الیکٹرک ویلڈنگ) | 049 |
| 7 | ریفریجریشن اینڈ ائرکنڈیشنگ | 050 |
| 8 | الیکٹریکل وائرنگ | 047 |
| 9 | موٹر وائنڈنگ | 048 |
| 10 | کمپیوٹر ہارڈویئر اینڈ سافٹ ویئر | 129 |

## 5.2.2- معلومات برائے "B" لیول کورس

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی مندرجہ ذیل "B" لیول کے کورس پیش کرتی ہے۔

| نمبر شمار | "B" لیول کورس کا نام | کورس کوڈ |
|---|---|---|
| 1 | ویلڈنگ (الیکٹرک ویلڈنگ) | 067 |
| 2 | ریفریجریشن اینڈ ائرکنڈیشننگ | 069 |

## مطالعاتی مراکز

ٹیلی کام فاؤنڈیشن اسلام آباد میں مندرجہ ذیل کورسوں میں داخلے پیش کئے جارہے ہیں۔

| نمبر شمار | ٹیکنیکل کورسز | کورس کوڈ |
|---|---|---|
| 1 | پلمبر (Plumber) | 073 |
| 2 | ویلڈنگ (الیکٹرک) لیول بی | 067 |
| 3 | ویلڈنگ (الیکٹرک) لیول سی | 049 |
| 4 | الیکٹریشن (Electrician) | 070 |
| 5 | الیکٹریکل وائرنگ | 047 |
| 6 | موٹر وائنڈنگ | 048 |

ٹریڈ مین ٹیکنیکل سنٹر راولپنڈی میں مندرجہ ذیل کورس میں داخلہ پیش کیا جارہا ہے۔

| نمبر شمار | ٹیکنیکل کورسز | کوڈ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | سٹیل فکسر (Steel Fixer) | 079 |

نیو کہوٹہ ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر میں مندرجہ ذیل کورسوں میں داخلے پیش کئے جارہے ہیں۔

| نمبر شمار | ٹیکنیکل کورسز "B" | کوڈ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | ریفریجریشن اینڈ ائرکنڈیشننگ (لیول "B") (Refregeration and air conditioning) | 069 |
| 2 | ریفریجریشن اینڈ ائرکنڈیشننگ (لیول "C") (Refregeration and air conditioning) | 050 |
| 3 | الیکٹریشن (Electrician) | 070 |
| 4 | الیکٹریکل وائرنگ | 047 |
| 5 | موٹر وائنڈنگ | 048 |
| 6 | کمپیوٹر ہارڈویئر اینڈ سافٹ ویئر | 129 |

پیس کالج آف ٹیکنالوجی راولپنڈی میں مندرجہ ذیل کورس میں داخلہ پیش کیا جارہا ہے۔

| نمبر شمار | ٹیکنیکل کورسز | کوڈ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | کوانٹیٹی سرویئر/سول ڈرافٹسمین | 158 |

راول ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر راولپنڈی میں مندرجہ ذیل کورس میں داخلہ پیش کیا جارہا ہے۔

| نمبر شمار | ٹیکنیکل کورسز | کوڈ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | سول سروئر | 159 |

گلف ٹیکنکل ٹریننگ سنٹر راولپنڈی میں مندرجہ ذیل کورس میں داخلہ پیش کیا جارہا ہے۔

| نمبر شمار | ٹیکنیکل کورسز | کوڈ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | پلمبر | 073 |

اباکس پولی ٹیکنک اینڈ سائنس کالج ہری پور میں مندرجہ ذیل کورسوں میں داخلے پیش کئے جا رہے ہیں۔

| نمبر شمار | ٹیکنیکل کورسز | کوڈ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | سول سروئر | 159 |
| 2 | کوانٹیٹی سروئر/سول ڈرافٹسمین | 158 |
| 3 | پلمبر | 073 |
| 4 | الیکٹریشن | 070 |
| 5 | ویلڈنگ (الیکٹرک) لیول "B" | 067 |
| 6 | ویلڈنگ (الیکٹرک) لیول "C" | 049 |
| 7 | ریفریجریشن اینڈ ایئر کنڈیشننگ (لیول "B") | 069 |
| 8 | ریفریجریشن اینڈ ایئر کنڈیشننگ (لیول "C") | 050 |
| 9 | الیکٹریکل وائرنگ | 047 |
| 10 | موٹر وائنڈنگ | 048 |

پاکستان انسٹیوٹ آف ٹیکنالوجی بورے والا وہاڑی میں مندرجہ ذیل کورسوں میں داخلے پیش کئے جارہے ہیں۔

| نمبر شمار | ٹیکنیکل کورسز | کوڈ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | الیکٹریشن | 070 |
| 2 | سول سروئر | 159 |
| 3 | کوانٹی سروئر/سول ڈرافٹسمین | 158 |
| 4 | ویلڈنگ (الیکٹرک) لیول "B" | 067 |
| 5 | ویلڈنگ (الیکٹرک) لیول "C" | 049 |
| 6 | ریفریجریشن اینڈ ایئر کنڈیشننگ (لیول "B") | 069 |
| 7 | ریفریجریشن اینڈ ایئر کنڈیشننگ (لیول "C") | 050 |
| 8 | الیکٹریکل وائرنگ | 047 |
| 9 | موٹر وائنڈنگ | 048 |

گلوبل کمپیوٹر کامرس اینڈ ٹیکنیکل کالج کوٹ اڈو میں مندرجہ ذیل کورس میں داخلہ پیش کیا جارہا ہے۔

| نمبر شمار | ٹیکنیکل کورسز | کوڈ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | الیکٹریشن | 070 |
| 2 | الیکٹریکل وائرنگ | 047 |
| 3 | موٹر وائنڈنگ | 048 |

# 6- فیس

### فیس برائے لیول "C"

| | | |
|---|---|---|
| 1 | رجسٹریشن فیس | 100/- روپے |
| 2 | داخلہ فیس | 100/- روپے |
| 4 | ٹیکنالوجی فیس | 100/- روپے |
| 5 | سرٹیفکیٹ فیس | 300/- روپے |
| 6 | کورس فیس | 1900/ روپے |
| | ٹوٹل فیس | 2500/- روپے |

### فیس برائے لیول "B"

| | | |
|---|---|---|
| 1 | رجسٹریشن فیس | 100/- روپے |
| 2 | داخلہ فارم فیس | 100/- روپے |
| 4 | ٹیکنالوجی فیس | 100/- روپے |
| 5 | سرٹیفکیٹ فیس | 300/- روپے |
| 6 | کورس فیس | 2400/ روپے |
| | ٹوٹل فیس | 3000/- روپے |

## 6.1- فارم جمع کرانے کا طریقہ کار

یونیورسٹی نے طلباء کی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے درج ذیل بینکوں سے باضابطہ معاہدہ کیا ہے۔ جس کی رو سے طلباء داخلہ فارم اور اُس کے ساتھ منسلک کردہ چالان فارم مکمل کر کے فیس اور داخلہ فارم بمعہ مطلوبہ کاغذات **فرسٹ ویمن بینک لمیٹڈ۔ الائیڈ بینک لمیٹڈ۔ بینک الفلاح لمیٹڈ** اور **ایم سی بی بینک** کی کسی بھی برانچ میں اور اِن کے علاوہ **نیشنل بینک آف پاکستان** کی صرف نامزد برانچوں میں سے کسی ایک بینک برانچ میں جمع کرا سکتے ہیں۔

**داخلہ فیس کے علاوہ درج ذیل پوسٹل چارجز طلباء کو الگ سے بینک کو ادا کرنا ہوں گے۔**

**فرسٹ ویمن بینک لمیٹڈ** (تمام برانچیں) 35/- روپے فی داخلہ فارم/ بینک چالان

**الائیڈ بینک لمیٹڈ** (تمام برانچیں) 25/- روپے فی داخلہ فارم/ بینک چالان

**بینک الفلاح لمیٹڈ** (تمام برانچیں) 25/- روپے فی داخلہ فارم/ بینک چالان

**ایم سی بی بینک لمیٹڈ** (تمام برانچیں) 10/- روپے فی داخلہ فارم/بینک چالان

**نیشنل بینک پاکستان** (صرف نامزد برانچیں) 35/- روپے فی داخلہ فارم/ بینک چالان

**نیشنل بینک پاکستان** (AIOU مین کیمپس) 20/- روپے فی داخلہ فارم/بینک چالان

**نوٹ**: داخلہ فیس صرف مذکورہ بالا طریقے سے ادا کی جائے کسی دوسرے ذریعہ یا کسی شخص کو دی جانے والی فیس کی رقم کے لئے یونیورسٹی ہرگز ذمہ دار نہ ہوگی۔

# 7- عمومی معلومات

1- کسی بھی پروگرام میں پہلی بار داخلہ لیتے وقت کورس فیس کے ہمراہ داخلہ فیس جمع کروانا لازمی ہے جبکہ رجسٹریشن فیس صرف ایک مرتبہ یونیورسٹی میں پہلی دفعہ داخلہ لیتے وقت جمع کروانا ہوتی ہے۔

2- فیس بنک میں جمع کروانے سے پہلے اس بات کی تسلی کر لیں کہ فیس متعلقہ پروگرام/کورس کے حساب سے جمع کروا رہے ہیں کیونکہ فیس کم ہونے کی صورت میں آپ کا داخلہ نہیں ہوگا۔

3- داخلہ فارم کے تمام کالم احتیاط سے پُر کریں۔ نامکمل داخلہ فارم پر داخلہ نہیں دیا جائے گا۔

4- کسی بھی لحاظ سے نامکمل داخلہ فارم قابل قبول نہیں ہوگا اور سمسٹر کے اختتام پر فارم میں کمی کی نشاندہی کے ساتھ طالب علم کو فارم' درخواست برائے فیس واپسی کے ساتھ واپس کر دیا جائے گا۔ البتہ اعتراضات دور کرنے کی صورت میں آئندہ سمسٹر میں داخلہ ممکن ہوگا۔

5- مطلوبہ فیس کے بغیر یا کم فیس یا آخری تاریخ کے بعد فیس جمع کرانے کی صورت میں داخلہ فارم قابل قبول نہیں ہوگا۔

6- طالب علم کے نام/ والد کے نام میں اختلاف کی صورت میں یا فارم کے ساتھ منسلک دیگر کاغذات میں طلبہ کے اپنے یا اس کے والد کے نام میں فرق کی صورت میں مڈل/ میٹرک کی سند میں موجود نام اور تاریخ پیدائش کو درست تصور کیا جائے گا اور شعبہ امتحانات اس کے مطابق ڈگری یا سٹرٹیفکیٹ جاری کرے گا۔

7- داخلہ کے لیے دستاویزات جعلی ثابت ہونے کی صورت میں نہ صرف داخلہ منسوخ کر دیا جائے گا بلکہ طالب علم کی ادا شدہ فیس بھی ضبط کر لی جائے گی اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

8- ایک سمسٹر میں دو مختلف پروگراموں میں داخلہ نہیں لیا جا سکتا ایسا کرنے کی صورت میں یونیورسٹی نیا داخلہ منسوخ اور فیس ضبط کرنے کی مجاز ہوگی۔

9- کسی کی معرفت ایک سے زیادہ تعداد میں داخلہ فارم اور فیس بذریعہ بنک ڈرافٹ پر داخلہ نہیں دیا جائے گا۔ داخلہ فارم کے ساتھ شناختی کارڈ کی کاپی لگانا ضروری ہے۔

10- کسی قسم کی ترمیم/ داخلے کی منسوخی کے لیے درخواست کے ساتھ طالب علم/ طالبہ کے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی لف کرنا ضروری ہے۔

# 8- ضروری معلومات کے لیے متعلقہ پتے

انچارج اوپن ٹیک پروگرام، بلاک نمبر 7،
علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد
فون نمبر 051-9250147
051-9057736

اسسٹنٹ رجسٹرار شعبہ داخلہ، بلاک نمبر 4
علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد
فون نمبر 051-9057401, 051-9057403

## متعلقہ ٹیکنیکل مراکز کے پتے اور فون نمبر

پرنسپل
ٹیلی کام فاؤنڈیشن، پلاٹ نمبر 142-139،
انڈسٹریل ایریا بالمقابل مارگلہ ڈرائی پورٹ، اسلام آباد۔
فون نمبر:.051-4445434-051-4448457, 051-4448436

پرنسپل
ٹریڈ مین ٹیکنیکل سنٹر چشتیاں آباد، نزد صدیقی چوک،
سید پور روڈ، راولپنڈی۔
فون نمبر 051-4414972,03335125864

پرنسپل
راول ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر، ناز سینما، مری روڈ، راولپنڈی۔
فون نمبر: 051-5770820,0333-5259356

پرنسپل
گلف ٹریڈ ٹیسٹ اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر،
O-961، اصغر مال روڈ، راولپنڈی۔
فون نمبر: 051-5534781,.0300-8546426

پرنسپل

پیس کالج آف ٹیکنالوجی،فلیٹ 10,11 ،المصطفیٰ پلازہ،

سکستھ روڈ،راولپنڈی۔

فون نمبر: 051-4427781-03215680114

پرنسپل

نیو کہوٹہ ٹیکنیکل ٹریننگ سنٹر،

بالمقابل گلی حبیب بنک لمیٹڈ،

مین بازار کہوٹہ۔

فون نمبر:051-3312709

فون نمبر: ,0345-5337744

پرنسپل

اباکس پولی ٹیکنک اینڈ سائنس کالج، ریلوے روڈ، ہری پور۔

فون نمبر0321-9830076, 0995-611328,616604

پرنسپل

پاکستان انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی،نزد جی سی سی،

505 روڈ، بورے والا، ضلع وہاڑی۔

فون نمبر:067-9200250-067-3026567,0333-6298412

پرنسپل

گلوبل کمپیوٹر کامرس اینڈ ٹیکنیکل کالج، چوک نور شاہ کوٹ اڈّو،

ضلع مظفر گڑھ۔

فون نمبر: 066-2242864,0333-6002274

# 9- علاقائی دفاتر کے پتے اور فون نمبر

ریجنل ڈائریکٹر
ریجنل آفس اسلام آباد، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی
گیٹ وے بلاک، مین کیمپس، ایچ ایٹ، اسلام آباد۔
فون نمبر: 9057608, 9057606, 9057607، 051-9250172

ریجنل ڈائریکٹر، ریجنل آفس راولپنڈی
سروسز بلاک، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی
مین کیمپس، ایچ ایٹ، اسلام آباد ۔
فون نمبر: 9057841, 9057439, 051-9250181

ریجنل ڈائریکٹر،
ریجنل کیمپس علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی،
CF-7، شاہ رکن عالم کالونی،
نزد تھانہ شاپ،
ملتان۔
فون نمبر: 061-9220201-2

ڈپٹی ریجنل ڈائریکٹر،
ریجنل سنٹر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی،
ریلوے روڈ، نزد ویٹریزی ہسپتال
ڈیرہ غازی خان۔
فون نمبر: 064-9260386

ڈپٹی ریجنل ڈائریکٹر،
ریجنل کیمپس، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی،
H.No. CB-301،
بالمقابل یونائیٹڈ بنک مین برانچ،
مانسہرہ روڈ، ایبٹ آباد۔
فون نمبر: 0992-9310379